الدرس السادس

مرکبات (Compounds)

سبق نمبر 6

مفرد اور مرکب: (Single and Compound)

مفرد کیا ہے | کوئی بھی لفظ اگر جملے میں استعمال ہونے کی بجائے تنہا استعمال ہو تو مفرد کہلاتا ہے۔ (مفرد اسماء کے متعلق ہم پڑھ چکے ہیں۔)

مرکب کیا ہے | اگر ایک لفظ کسی اور لفظ کے ساتھ مل کر آئے تو مرکب کہلاتا ہے۔

مثلاً اَلْوَلَدُ اور اَلصَّالِحُ دونوں اگر علیحدہ علیحدہ استعمال ہوں تو **مفرد** ہوں گے اور اگر ملا کر استعمال کئے جائیں تو ان کو **مرکب** کہا جائے گا۔

مثلاً **اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ** مرکب ہے۔ ثابت ہوا {(مفرد + مفرد) = مرکب}

مرکب کی کتنی اقسام ہیں | بنیادی طور پر **مرکب** کی دو اقسام ہیں:- (۱) مرکب ناقص (نامکمل) (۲) مرکب تام (مکمل) یعنی **جملہ**



مرکب ناقص کیا ہے | کم از کم دو ایسے الفاظ کا مرکب جس کا مفہوم مکمل نہ ہو۔

مرکب تام کیا ہے | کم از کم دو ایسے الفاظ کا مرکب جس کا مفہوم مکمل ہو۔

مرکب ناقص کی اقسام | مرکب ناقص کی چار اقسام ہیں۔

الدرس السادس (۱)

(ناقص مرکب نمبر1) مرکب توصیفی (Adjective Compound)

سبق نمبر6 (۱)

مرکب توصیفی کسے کہتے ہیں | ایسا مرکب جس میں ایک اسم کی اچھائی یا بُرائی بیان کی جا رہی ہو اور دوسرا اسم اچھائی یا بُرائی بیان کر رہا ہو۔

اسم موصوف کسے کہتے ہیں | جس اسم کی اچھائی یا بُرائی بیان کی جائے اسے اسم موصوف کہتے ہیں۔

اسم صفت کسے کہتے ہیں | جو اسم اچھائی یا بُرائی بیان کرے اسے اسم صفت کہتے ہیں۔



مرکب توصیفی کے دونوں اجزاء کے نام | مرکب توصیفی کے پہلے جزء کا نام **موصوف** اور دوسرے جزء کا نام **صفت** ہے۔

اُردو زبان میں صفت پہلے آتی ہے اور موصوف بعد میں مثلاً ''نیک لڑکا'' جبکہ **عربی زبان** میں موصوف پہلے اور صفت بعد میں آتی ہے۔ مثلاً اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ۔

قاعدہ | **مرکب توصیفی** میں موصوف اور صفت میں ہر لحاظ سے مطابقت (Co-ordination) ہوتی ہے۔ یعنی **صفت** کی جنس، عدد، وسعت اور اعراب **موصوف** کے مطابق ہوتے ہیں۔ **مثلاً:** مذکر / معرفہ / رفع / مؤنث / معرفہ / رفع

موصوف	صفت (واحد)	موصوف	صفت (تثنیہ)	موصوف	صفت (جمع)
اَلْوَلَدُ	الصَّالِحُ	اَلْوَلَدَانِ	الصَّالِحَانِ	اَلْاَوْلَادُ	الصَّالِحُوْنَ
اَلْبِنْتُ	الصَّالِحَةُ	اَلْبِنْتَانِ	الصَّالِحَتَانِ	اَلْبَنَاتُ	الصَّالِحَاتُ

استثناء | جمع مکسر غیر عاقل کی صفت واحد مؤنث استعمال ہوتی ہے۔ مثلاً اَلْكُتُبُ الْجَدِيْدَةُ. اَلْاَقْلَامُ الطَّوِيْلَةُ.